# 05-03-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔حیدرآباد کی گچی باؤلی اسٹیڈیم میں اس ماہ کی 8 تاریخ سے فیڈریشن انٹرنیشنل ہاکی ورلڈکوالیفائر ویمن 2026ءمقابلےمنعقد ہونے والے ہیں۔حیدرآباد کی شان میں ہوگا اضافہ۔ریاستی وزیرواکٹی سری ہری کا بیان۔

۲۔مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا کہ نامپلی ریلوے اسٹیشن حیدرآباد کی شان میں اضافہ کرے گا اور مسافروں کی سہولت کونظرمیں رکھتے ہوئے اسٹیشن کو نئے طریقہ سے آراستہ کیا جارہا ہے۔

۳۔تلنگانہ سے راجیہ سبھا کیلئے کانگریس امیدوار ابھیشیک منوسنگھوی اور ویم نریندر ریڈی نے پرچہ نامزدگی داخل کیا ہے۔

۴۔ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے ٹی 20 ورلڈکپ کے سیمی فائنل میں آج بھارت اورانگلینڈ کا مقابلہ ہونے والا ہے۔

## Rajya sabha nomination

تلنگانہ سے راجیہ سبھا کیلئے کانگریس امیدوار ابھیشیک منوسنگھوی اور ویم نریندر ریڈی نے پرچہ نامزدگی داخل کیا ہے۔ریاستی وزیرسریدھر بابو کی قیادت میں  دنوں نے انتخابی عہدیدار کو پرچہ نامزدگی حوالے کیا۔اس موقع پر ریاستی وزرا بھی موجود تھے۔اسٹنگ ایم پی ابھیشیک منوسنگھوی کواعلی کمان نے پہلے ہی امیدوار نامزد کیا تھا۔جبکہ راجیہ سبھا کی دوسری سیٹ وزیراعلی ریونت ریڈی کے دباکے بعد  پارٹی اعلی کمان نے ویم نریندر ریڈی کو دینے کا اعلان کیا۔فی الحال تلنگانہ میں راجیہ سبھا کی ایک سیٹ کیلئے کانگریس پارٹی کے پاس میجارٹی موجود ہے۔جبکہ دوسری سیٹ بھی کانگریس پارٹی مجلس اتحادالمسلمین کی تائید سے جیت سکتی ہے۔اگر بی آرایس  بھی اپنے امیدوار کومیدان میں اتارتی ہےتو کڑامقابلہ ہوگا۔ورنہ  بلامقابلہ ہی کانگریس امیدوار کی جیت یقینی ہے۔

Vem Narender byte

راجیہ سبھا امیدوار کے طور پر پرچہ نامزدگی کے ادخال کے بعد ویم نریندر اور ابھیشیک منوسنگھو نے اسمبلی کے احاطہ میں بات کی۔ابھیشیک منوسنگھوی نے کہا کہ دوسری بار موقع فراہم کیا گیا ہے۔یہ میرے لئے بڑی خوشی کی بات ہے۔میں ہمیشہ تلنگانہ عوام کےاحسان تلے دبے رہونگا۔اور تلنگانہ کی فلاح و بہبود کیلئے ہمیشہ کوشش کرتا رہوں گا۔

Kishan reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے صنعت نگر حلقہ کے چاچا نہرونگر علاقہ کا دورہ کیا۔اس دوران انھوں نے مقامی لوگوں سے بات چیت کرتے ہوے ان کے مسائل سنے۔اور علاقہ میں بچوں کی شادی کے خلاف منعقد پروگرام میں شرکت کی۔اس دوران میڈیا سے بات کرتے ہوے کشن ریڈی نے کہا کہ جی ایچ ایم سی معالی بدحالی سے پریشان ہے۔فنڈس نہ ہونے کی وجہ سے اسٹریٹ لائٹ۔ڈرینیج کی مرمت کا کام پوری طرح سے ٹھپ ہوکر رہے گیا ہے۔ عوام کو بنیادسہولیات بھی فراہم نہیں کی جارہی ہیں۔کشن ریڈی نے کہا کہ میونسپل شعبہ فی الحال وزیراعلی کے پاس ہے۔ایسے میں وزیراعلی ریونت ریڈی کو چاہئے کہ موسم برسات سے قبل ڈرینیج سسٹم کو بہتر کریں۔تا کہ مستقبل میں کسی قسم کی کوئی پریشانی نہ ہو۔کشن ریڈی نے کہا کہ شہر میں ڈرگس کا کاروبار بڑھ گیا ہے۔نوجوان نسل ڈرگس سے متاثر ہورہی ہے۔حکومت صرف اعلانات کررہی ہے۔زمینی سطح پر کوئی عمل آوری نہیں ہے۔موسی ریورفرنٹ ڈیولپمنٹ کے نام پر برسوں سے مقیم لوگوں کو بے گھر کردیا گیا۔انھوں نے غریبوں کونقصان پہنچاے بغیر منصوبے تیار کرنے کا حکومت کومشورہ دیا۔

20T

ممبئی کے وانکھیڈے اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں آج بھارت اور انگلینڈ کا مقابلہ ہونے والا ہے۔ سوریہ کمار یادو کی قیادت میں ہندوستانی ٹیم شاندار مظاہرہ کرتے ہوئے سیمی فائنل تک پہنچ گئی ہے۔ سنجیو سامسن شاندار مظاہرہ کررہے ہیں۔ بیٹنگ میں ابھیشیک اور ایشانت سے بہت ساری امیدیں وابستہ ہیں۔ باولنگ میں بمرا، ہارتیک اور ارشدیپ، بہتر مظاہرہ کررہے ہیں۔ اسپنر اکشر پٹیل اور ورون چکرورتی بھارت کیلئے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔ دوسری جانب ہیری براک کی ٹیم کامیابی کیلئے کوشش میں لگی ہوئی ہے۔

inspire award

ہندوستانی حکومت سائنس اینڈ ٹکنالوجی وزارت کی جانب سے سال 2025 اور 26 کیلئے انسپائر ایوارڈ کا اعلان کیا ہے۔ جس کیلئے کمرم بھیم آصف آباد ضلع سے ایک سو پانچ طلبہ منتخب ہوئے ہیں۔ ضلع سائنس عہدیدار کے مدھوکر نے یہ بات کہی۔ متحدہ عادل آباد ضلع کے جملہ 336 طلبہ کا انتخاب ہوا ہے جس میں آصف آباد طلبہ پہلے مقام پر ہیں۔ واضح رہے کہ اس سال ضلع بھر سے جملہ 900 درخواستیں آن لائن موصول ہوئی تھیں۔ پچھلے سال بھی 121 طلبہ نے ایوارڈ حاصل کیا تھا۔

Seethakka

ریاستی حکومت 15 ویں پے کمیشن کے تحت سال 24-2023 گرام پنچایت ٹیڈ کامپونٹ کے ذریعہ 2045 کروڑ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ پنچایت راج دیہی ترقیات کے ڈائرکٹر دیویا دیواراجن نے یہ بات کہی۔ واضح رہے کہ ریاستی وزیر سیتا اکا کے کہنے پر سابق سرپنچوں کی جانب سے کئے گئے کام اور پینڈنگ بل کی ادائیگی کے سلسلہ میں یہ رقم جاری کی گئی ہے۔ اسی طرح 25-2024ء مالی سال بیسک آن ٹیڈ۔ ٹیڈ گرانڈس کے تحت 640 کروڑ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ سابق سرپنچوں کی میعاد 2024 فروری کو ختم ہوگئی تھی۔ اسی طرح گرام پنچایت فنڈ کو ملٹی پرپس ورک کیلئے تنخواہیں ادا کرنے کا مشورہ دیا۔ اس سلسلہ میں ضلع سطح کے عہدیدار دیویا دیواراجن نے احکامات جاری کئے ہیں۔

stand with her

تلنگانہ پولیس خواتین تحفظ شعبہ کی قیادت میں اسٹانڈ وتھ ہر کے نام سے ایک پروگرام شروع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ یہ پروگرام کل حیدرآباد کے جے این ٹی یو آڈیٹوریم میں منعقد ہوگا۔ اس پروگرام کے دوران یہ پیام دیا جائے گا کہ خواتین اور مردوں کو برابر ہیں۔ اس پروگرام میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی مہمان خصوصی کے طور پر شریک ہوں گے۔ اس کے علاوہ ریاستی وزیر سریدھر بابو، سیتااکا بھی شرکت کرنے والی ہیں۔ واضح رہے کہ یہ پروگرام تلنگانہ پولیس خواتین ونگ کی تائید میں منعقد ہورہا ہے۔

Mallikarjun Kharge

کانگریس پارٹی کے قومی صدر ملکارجن کھرگے حیدرآباد دورہ پر ہیں۔ آج راجیہ سبھا امیدوار ابھیشیک منوسنگھوئی اور ویم نریندر ریڈی نے ملکارجن کھرگے سے ملاقات کی۔ اس کے علاوہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ اور دیگر لیڈروں نے بھی ملکارجن کھرگے سے ملاقات کی ہے۔

SSC - Hall Ticket

اس ماہ کی 14 تاریخ سے منعقد ہونے والے دسویں جماعت کے امتحانات کے ہال ٹکٹ جاری کردئے گئے ہیں۔ ڈائرکٹر پی وی سری ہری نے بتایا کہ ہال ٹکٹ واٹس ایپ کے ذریعہ حاصل کرسکتے ہیں۔ ہال ٹکٹ حاصل کرنے کے لئے موبائل نمبر 8096958096 پر ہائی ٹائپ کرنا ہوگا اس کے بعد ہی ویلکم ٹو می سیوا آئے گا۔ اس کے بعد ایس ایس سی ہال ٹکٹ مارچ 2026ء اسکرین پر نظر آئے گا۔ اس پر کلک کرنا ہے۔ کلک کرنے کے بعد ضلع، منڈل، اسکول کا انتخاب کرنا ہوگا پھر اس کے بعد طالب علم اپنا نام اور ڈیٹ آف برتھ ٹائپ کریں۔ اس طرح ہال ٹکٹ حاصل کرسکتے ہیں۔ اس طرح آپ می سیوا سے بھی ہال ٹکٹ حاصل کرسکتے ہیں۔ نئے ہال ٹکٹ پر کیو آر کوڈ رہے گا۔ اس کیو آر کوڈ کے ذریعہ امیدوار انتخابی سنٹر کا لوکیشن حاصل کرسکتے ہیں۔ اگر ہال ٹکٹ میں کسی قسم کی غلط اندراج ہونے پر ہیڈ ماسٹر سے رابطہ کریں۔

Ponnam Prabhakar

مہاتما جوتی راؤ پھولے پرجا بھون میں حیدرآباد کے ایم ایل ایز، ایم ایل سیز، ایم پیز، ضلع کلکٹرس اور عہدیداروں کے ساتھ ضلع انچارج وزیر پونم پربھاکر کل صبح ایک اجلاس منعقد کرنے والے ہیں۔ ضلع میں 6 مارچ سے 12 جون تک منعقد ہونے والے پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا 99 روزہ پروگرام سے متعلق بات چیت ہوگی۔ اس کے ذریعہ علاقہ کی صفائی، سرکاری دفاتر میں فائل کی جانچ، صحت، سیکورٹی، فلاحی اقدامات، تعلیم، نوجوانوں کیلئے کھیل، خواتین کا تحفظ، ماحولیات جیسے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوگا۔

Intermediate

ریاست میں منعقد ہونے والے انٹرمیڈیٹ امتحانات سال اول کا آج میتھا میٹکس ون بی، زولوجی ون اور ہسٹری ون کا امتحان منعقد ہوا۔ جملہ 4 لاکھ 29 ہزار 600 طلبہ حاضر ہونا تھا مگر 4 لاکھ 17 ہزار 656 امیدواروں نے شرکت کی۔ 11 ہزار 944 طلبہ غیر حاضر رہے۔ انٹر بورڈ سکریٹری کے مطابق 97.21 فیصد طلبہ نے امتحان میں شرکت کی ہے۔ پداپلی، نظام آباد، رنگاریڈی اضلاع میں ایک، ایک نقل نویسی کا کیس درج ہوا ہے۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے آج موسیٰ ندی کے نشیبی علاقوں کا دورہ کیا۔ ناگول میں ایس ٹی پی کا دورہ کرتے ہوئے کے ٹی آر نے کانگریس حکومت کے کام کاج پر سوال اٹھائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کے نام پر غریب لوگوں کے مکانات ڈھا دئے گئے ہیں۔ کے ٹی نے کہا کہ ہم نے ریونت ریڈی کو سنہرا تلنگانہ دیا تھا مگر انہوں نے تلنگانہ کی شبیہ ہی متاثر کردی ہے اور غریبوں کو روڈ پر لا کر کھڑا کر دیا ہے۔ انہیں بے گھر کر دیا گیا۔

Jupally Krishna Rao

وزیر سیاحت و عادل آباد ضلع کے انچارج وزیر جو پلی کرشنا راؤ کل عادل آباد ضلع کا دورہ کرنے والے ہیں۔کل صبح نیر یڈی گنڈا پرائمری ہیلتھ سنٹر میں پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا پروگرام کے تحت منعقدہ تقریب میں شرکت کریں گے۔ ریاستی وزیر زمل، منچر یال، کمرم بھیم آصف آباد ضلع کلکٹر اورعوامی نمائندوں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس کریں گےاور پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا پروگرام سے متعلق مستقبل کا لائحہ ترتیب دیا جائے گا۔اس دوران ریاستی وزیر نے اندراماں مکانات کو مستحقین کے حوالہ کئے۔

Kishan Reddy - Nampally Station

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ نامپلی ریلوے اسٹیشن حیدرآباد کی شان میں اضافہ کرے گا اور مسافروں کی سہولت کو نظر میں رکھتے ہوئے اسٹیشن کو نئے طریقہ سے آراستہ کیا گیا ہے۔آج کشن ریڈی ناپلی ریلوے اسٹیشن پہنچ کر ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔اس دوران کشن ریڈی نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ 350 کروڑ روپے کی لاگت سے اسٹیشن کو جدید سہولیات کے ساتھ تعمیر کیا جارہا ہے جس میں مسافروں کیلئے 16 لفٹ اور 8 اسکالیٹر، شاندار پارکنگ، سنٹرل ہال، ریسٹورنٹ و دیگر شامل ہیں۔ 2027ء کے آخر تک تعمیراتی کام مکمل کئے جائیں گے۔

Vakiti Srihari

حیدرآباد کی گچی باؤلی اسٹیڈیم میں اس ماہ کی 8 تاریخ سے منعقد ہونے والے فیڈریشن انٹرنیشنل ہاکی ورلڈ کوالیفائر ویمن 2026ء منعقد ہونے والا ہے۔ان مقابلوں میں ہندوستان کے ساتھ ساتھ انگلینڈ، کوریا، اٹلی، آسٹریلیا، اسکاٹ لینڈ، ویلس و دیگر ممالک حصہ لینے والے ہیں۔حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک سے آنے والے کھلاڑیوں کو تلنگانہ کی تہذیب و ثقافت سے واقف کروایا جائے گا۔اب تک مختلف ممالک کے کھلاڑی حیدرآباد پہنچ چکے ہیں اور بریکٹس جاری ہے۔تلنگانہ کو اسپورٹس کے ہب کے طور پر ترقی دی جائے گی۔

OO